ادب سے ہر قدم اُٹھے، نظر میں احترام ہو حرم کی یہ زمین ہے، ادب کا یہ مقام ہے
درود ہی درود ہے، سلام ہی سلام ہے

اچھے کاغذ پر دو رنگا طباعت اور خوبصورت سادہ و رنگین دبیز آرٹ کور کے ساتھ ۸۰ صفحات کا یہ نور افروز مجموعہ ۲۰/- روپے میں نذرِ خریداراں ہے۔

---

**اوصافِ حمیدہ** از پروفیسر عبدالغنی فاروق۔ ناشر: ادارۂ معارفِ اسلامی، منصورہ، لاہور۔ اچھی کتابت و طباعت، زوردار رنگین سرورق۔ صفحات: ۳۰۴ قیمت: ۴۵/- روپے۔

یہ آپا جناب حمیدہ بیگم کی تحریکی داستانِ حیات پر مشتمل ہے جنہوں نے خواتین کے حلقوں میں بالکل ابتدا سے کام کرنے کی نئی نئی راہیں نکالیں اور بڑے خلوص سے کتاب و سنت کے احکام کے مطابق دعوتِ دین کو پھیلایا اور بے شمار خواتین کے علاوہ نوخیز طالبات کو ایمان و شعور سے مالا مال کیا۔ اس کتاب میں ان کے حالاتِ زندگی کے علاوہ ان کے کام کرنے کے طریقوں اور ان کے حسنِ اخلاق اور دلنوازیٔ گفتار کا بڑی تفصیل سے تذکرہ ملتا ہے۔ دلچسپی کی بات یہ بھی ہے کہ ایک پیکر کے مختلف پہلوؤں کو کئی رشتہ داروں اور خواتین نے دیکھا اور ان کی تحریروں اور رپورٹوں سے بہت سے مردوں نے بھی ان کے کمالات کو جانا اور پھر ان مختلف لوگوں نے اپنے اپنے طرز پہ تاثرات بیان کیے ہیں۔

یہ ایک اہم ضرورت تھی جو پوری ہوئی۔ اس نقشِ اول سے اگر زیادہ بہتر چیز فاروق صاحب یا خواتین و طالبات تیار کر کے لا سکیں تو مزید نیکی ہوگی۔

---

**ذکریٰ ڈائجسٹ** مدیر جناب محمد یوسف اصلاحی۔ دفتر: ماہنامہ ذکریٰ ڈائجسٹ، رام پور ۲۴۴۹۰۱۔ قیمت فی شمارہ ۶/- روپے (بھارت)، بیرونی ممالک سے زرِ تعاون سالانہ بحری ڈاک سے ۱۵ ڈالر، ہوائی ڈاک سے ۲۵ ڈالر۔

بھارت میں اُردو کے جو رسائل دینی اقدار کے چراغ روشن رکھے ہوئے ہیں ان میں سے ایک